**Khalid Public School & College Haroon Abad**

**(Speech Class Five)**

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

محترم پرنسپل صاحب معزز اساتذہ کرام اور میرے عزیز ساتھیو !

السلام علیکم !

میری آج کی تقریر کا عنوان ہے،، قائد اعظم محمد علی جناح،،

جناب صدر !

قائد اعظم 25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم کراچی میں حاصل کی اور اعلی تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے وہاں سے بہت اچھے وکیل بن کر لوٹے۔۔ قائد اعظم نے 1905ء میں کانگرس میں شمولیت اختیار کر لی لیکن جلد ہی آپ نے محسوس کیا کہ کانگرس جو ہندووں کی نمائندہ جماعت ہے اسے مسلمانوں کی بھلائی کا کوئی خیال نہیں ہے چناچہ کانگرس کے رویے سے بددل ہو کر آپ نے کانگرس کو چھوڑ دیا اور مسلم لیگ میں شامل ہو گئے اور پاکستان کے حصول کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔آپ کی دن رات کی کوششوں کی وجہ سے پاکستان 14 اگست 1947ء کو دنیا کے نقشے پر ظاہر ہوا۔

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوق یقین پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

جناب صدر !

دن رات کی مسلسل محنت کی وجہ سے آپ کی صحت خراب ہو گئی اور 11 ستمبر 1948ء کو وفات پا گئے آپ کا مزار کراچی میں ہے۔آخر میں میری اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ تعالی آپ کو جوار رحمت میں جگہ دے (آمین)

یوں دی ہمیں آزادی کہ دنیا ہوئی حیران
اے قائد اعظم تیرا احسان ہے احسان

والسلام شکریہ